فوری ریلیز کے لیے: 27/10/2026 **گورنر KATHY HOCHUL**

گورنر HOCHUL نے بنیادی نگہداشت کے مراکز میں رویہ جات سے متعلق صحت کی خدمات کو وسعت دینے کے لیے $10 ملین کا اعلان کیا

پانچ سالہ وفاقی گرانٹ کی توجہ دیہی علاقوں سمیت نگہداشت تک رسائی میں رکاوٹوں کا سامنا کرنے والی کمیونٹیز پر ہوگی

اشتراکی نگہداشت کا ماڈل جسمانی اور رویہ جات سے متعلق صحت، دونوں کے مسائل سے دوچار نیو یارک کے ہزاروں باشندوں کو مؤثر معاونت فراہم کرتا ہے

گورنر Hochul (ہوکل) نے آج اعلان کیا کہ ریاست کو $10 ملین کی وفاقی فنڈنگ ملے گی تاکہ یہ یقینی بنایا جا سکے کہ بنیادی نگہداشت کے مزید مراکز پیچیدہ ضروریات والے افراد کی معاونت کے لیے رویہ جات سے متعلق صحت کی خدمات فراہم کریں۔ ریاست کے دفتر برائے ذہنی صحت (Office of Mental Health) کے زیر انتظام، شواہد پر مبنی مستحکم نظاموں کے لیے اشتراکی نگہداشت کو فروغ دینے کا اقدام (Advancing Collaborative Care for Evidence-Based, Sustainable Systems, ACCESS-NY) ریاست بھر میں وفاقی اہلیت کے حامل آٹھ نئے صحت مراکز اور دیہی صحت کلینکس میں اشتراکی نگہداشت (Collaborative Care) کے ماڈل کو وسعت دے گا۔

گورنر Hochul (ہوکل) نے کہا، "اکثر جسمانی صحت کے مسائل سے دوچار نیو یارک کے باشندوں کو رویہ جات سے متعلق صحت کی نگہداشت کی بھی ضرورت ہوتی ہے۔" "اس اقدام کی فنڈنگ سے مزید فراہم کنندگان کو بنیادی نگہداشت کے مراکز میں ان خدمات کو یکجا کرنے اور ہماری ریاست کے کم آبادی والے علاقوں میں نیو یارک کے باشندوں کو درپیش کچھ رکاوٹیں دور کرنے میں مدد ملے گی۔"

ریاست نیو یارک کے دفتر برائے ذہنی صحت کی کمشنر ڈاکٹر Ann Sullivan (این سولیوان) نے کہا، "ایسے طبی مراکز تک اشتراکی نگہداشت کو وسعت دینا جہاں پیچیدہ جسمانی اور رویہ جات سے متعلق ضروریات والے زیادہ مریضوں کا علاج ہوتا ہے، ایک مانوس ماحول میں مربوط طریقے سے افراد کی ذہنی صحت کے مسائل سے نمٹنے کا قیمتی موقع فراہم کرتا ہے۔ ACCESS-NY ان متعدد کوششوں میں سے ایک ہے جن کا مقصد ذہنی صحت کے لیے بروقت اور ضروریات کے مطابق معاونت کا حصول آسان بنانا ہے، اور یہ ریاست بھر میں ذہنی صحت کو مضبوط بنانے کے گورنر Hochul (ہوکل) کے عزم کی عکاسی کرتا ہے۔"

منشیات کے غلط استعمال اور ذہنی صحت کی خدمات کی انتظامیہ (Substance Abuse and Mental Health Services Administration) نے ACCESS-NY کے پہلے دو سال کی فنڈنگ کے لیے نیو یارک کو پیشگی $4 ملین فراہم کیے ہیں۔ وفاقی ایجنسی پروگرام کے آخری تین برسوں میں ہر سال $2 ملین کی اضافی گرانٹس فراہم کرے گی۔

ACCESS-NY اقدام کی توجہ آٹھ ایسے طبی مراکز پر ہوگی جہاں پیچیدہ جسمانی اور رویہ جات سے متعلق صحت کی ضروریات والے مریضوں کی تعداد دیگر مراکز کے مقابلے میں غیر متناسب طور پر زیادہ ہے۔ توقع ہے کہ اس

پروگرام کے ذریعے 6 سال یا اس سے زیادہ عمر کے تقریباً 1,750 ایسے افراد کا علاج کیا جائے گا جو جسمانی صحت کے دائمی امراض کے ساتھ ذہنی صحت یا منشیات کے استعمال کے مسائل سے بھی دوچار ہیں۔

ACCESS-NY بنیادی نگہداشت اور کمیونٹی کے ذہنی صحت مراکز کے درمیان شراکت داریاں بھی قائم کرے گا، مضبوط نیٹ ورکس تشکیل دے گا اور جسمانی صحت کے عام مسائل کی نشاندہی اور ان سے نمٹنے میں مدد کے لیے تربیت فراہم کرے گا۔ یہ فنڈنگ ایسی ٹیکنالوجی کی معاونت کرے گی جو صحت کے الیکٹرانک ریکارڈز کے ساتھ مربوط ہو کر کارکردگی بہتر بنائے اور بنیادی نگہداشت کی ٹیموں کو طبی فیصلے کرنے میں مدد فراہم کرے۔

اس کے علاوہ، یہ فنڈنگ نئی آن لائن تربیت کے ذریعے افرادی قوت کے چیلنجز سے نمٹنے میں مدد دے گی، جو اعلیٰ معیار کی مربوط نگہداشت تک رسائی وسیع کرنے کے لیے تیار کی گئی ہے۔ یہ اقدام مطلوبہ کرداروں میں غیر روایتی فراہم کنندگان کو شامل کرنے کے طریقوں کا بھی جائزہ لے گا، جن میں نیو یارک کے اسناد یافتہ ذہنی صحت کے معاونتی ماہرین اور رجسٹرڈ نرسیں شامل ہیں۔

اشتراکی نگہداشت کا ماڈل بنیادی نگہداشت کی ٹیموں میں نفسیاتی امراض کے ماہر مشیر اور رویہ جات سے متعلق صحت کی نگہداشت کے منتظم کو شامل کرتا ہے تاکہ شواہد پر مبنی علاج فراہم کیا جا سکے اور ادویات کے انتظام میں معاونت کی جا سکے۔ ریاست نیو یارک میں پہلی بار 2012 میں قائم کیے جانے والے اشتراکی نگہداشت کے ماڈل کی معاونت اب ریاست بھر میں جسمانی صحت کے 450 سے زیادہ طبی مراکز تک پھیل چکی ہے۔

ریاستی سینیٹر Gustavo Rivera (گستاوو رویرا) نے کہا، "میں گورنر Hochul (ہوکل) کو $10 ملین کی اس سرمایہ کاری پر سراہتا ہوں، جس سے ہماری ریاست کے طبی خدمات سے سب سے زیادہ محروم بعض مقامات پر پیچیدہ ضروریات والے نیو یارک کے باشندوں کے لیے رویہ جات سے متعلق صحت کی نگہداشت کی خدمات تک رسائی بڑھے گی۔ ACCESS-NY اقدام کے ذریعے، ہم بنیادی نگہداشت کے فراہم کنندگان اور ذہنی صحت کے ماہرین کے درمیان شراکت داریاں مضبوط بنا رہے ہیں، نگہداشت کی ٹیموں کو درکار وسائل اور تربیت فراہم کر رہے ہیں، اور یہ یقینی بنا رہے ہیں کہ مزید افراد اپنی رہائشی کمیونٹیز میں جامع اور مربوط نگہداشت حاصل کر سکیں۔"

ریاستی سینیٹر Samra Brouk (سمرا بروک) نے کہا، "سینیٹ کی ذہنی صحت کمیٹی (Senate Mental Health Committee) کی چیئر کی حیثیت سے، میں جانتی ہوں کہ نیو یارک کے ہر باشندے کو رویہ جات سے متعلق صحت کی خدمات تک رسائی درکار ہے۔ دیہی علاقوں میں رہنے والے افراد، جو ریاست کی آبادی کا 17% سے زیادہ ہیں، اکثر ذہنی صحت کی نگہداشت تک رسائی میں رکاوٹوں کا سامنا کرتے ہیں۔ میں اشتراکی نگہداشت کے ماڈل کو وسعت دینے اور ذہنی صحت کی معیاری نگہداشت فراہم کرنے والے دیہی فراہم کنندگان اور کمیونٹی میں کام کرنے والے ماہرین میں سرمایہ کاری کے لیے اس فنڈنگ کو سراہتی ہوں۔"

رکن اسمبلی Jo Anne Simon (جو این سائمن) نے کہا، "رویہ جات سے متعلق صحت جسمانی صحت سے الگ نہیں ہے، لیکن ہمارا معاشرہ بہت عرصے سے انہیں الگ الگ سمجھتا آیا ہے۔ بنیادی نگہداشت کے مراکز میں رویہ جات سے متعلق صحت کی خدمات کی فراہمی سے پیچیدہ ضروریات والے افراد کو مربوط نگہداشت حاصل کرنے میں مدد ملے گی، جبکہ فراہم کنندگان کو اپنے مریضوں کی بہتر معاونت کے لیے تربیت بھی ملے گی۔ گورنر Hochul (ہوکل)، ریاست بھر میں ذہنی صحت کی نگہداشت کو مضبوط بنانے کے آپ کے عزم کا شکریہ۔"

###

مزید خبریں www.governor.ny.gov پر دستیاب ہیں
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418
گورنر آفس سے اپ ڈیٹس کے لیے سائن اپ کریں: ny.gov/signup | 81336 پر NEW YORK ٹیکسٹ کریں

ان سبسکرائب کریں

اس گروپ سے ان سبسکرائب کرنے اور اس کی ای میلز روکنے کے لیے
press.release+unsubscribe@exec.ny.gov پر ای میل بھیجیں۔